ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن میں چیئرمین محمد یوسف کی سربراہی میں منعقدہ افسران کا اجلاس ۔
محکموں کے سربراہان سے کارکردگی اور تجاویز کی رپوٹ طلب ۔
نیو کراچی ٹاؤن میں محکموں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں ۔چیئرمین محمد یوسف
ملازمین کی حاضری کو 100 فیصد یقینی بنایا جائے ۔محمد یوسف
دستیاب وسائل میں عوامی بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں ۔چیئرمین محمد یوسف

مورخہ:۔ 26 / جون 2024

کراچی ( )نیو کراچی ٹاؤن میں چیئرمین محمد یوسف کی سربراہی میں افسران کا اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں محکموں کے سربراہان سے کارکردگی اور تجاویز کی رپوٹ طلب کرلی گئیں محکموں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں ۔تفصیلات کے مطابق نیو کراچی ٹاؤن میں افسران کا اجلاس منعقد ہوا، چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ اجلاس کی صدارت کی ۔اس موقع پر ایڈمن ڈائیریکٹر شمعونہ صدف ،ایڈیشنل ڈائریکٹر سینیٹیشن مُشتاق احمد ، ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن نیو کراچی خالد شیخ ،ڈائریکٹر ایجوکیشن مُزمل احمد ، پبلک ریلیشن آفیسر نیو کراچی عقیل اختر ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن جنین میمو ، ڈائریکٹر فنانس میر محمد ، سپرٹینڈنگ انجینئر بی اینڈ آر فیصل صغیر ، ڈائریکٹر انکروچمنٹ عبیدالرحمٰن ، ڈائریکٹر باغات آفتاب احمد ، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکس اینڈ ریکوری سعید احمد ، محکمہ میڈیکل اور لائبریری کے افسران بھی شریک تھے ۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکموں کے سربراہان عوامی خدمت کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لئے اقدامات کریں اور اس حوالے سے اپنی تجاویز مرتب کریں ، تمام محکمے باہمی تعاون اور مشاورت سے اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر کریں ، چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ تمام محکموں کے افسران ملازمین کی حاضری کو 100 فیصد یقینی بناتے ہوئے آفس میں قوائد وضوابط کے مطابق ڈسپلین قائم کریں تاکہ خوشگوار ماحول میں بلدیاتی خدمات کو بہتر طور پر سرانجام دیا جاجائے ۔انہوں نے کہا کہ عیدالضحٰی کے موقع پر افسران کی بہتر حکمت عملی نے نیو کراچی ٹاؤن کو نمایا مقام دلایا ہے اور اُن کی کاوشیں قابل ستائش ہیں ، انہوں نے کہا کہ عوام بلدیاتی نمائندوں کو اس لئے منتخب کرتی ہے کہ اُن کے بلدیاتی مسائل کو حل کیا جائے اور الحمداللہ ہم آج اس منصف پر موجود ہیں اور اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کی ہم سے اُمیدیں وابستہ ہیں لہذا نیو کراچی ٹاؤن کے ہر علاقے میں مسائل کی نشاندہی کی جائے اور اُن کا فوری حل نکالا جائے ۔انہوں نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن میں عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے پارکس و پلے گراونڈز کو مرحلہ وار تزین و آرائش کے بعد بحال کیا جارہا ہے ، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکیں اور گلیوں کو پختہ کیا جارہا ہے ، جبکہ علاقوں میں موجود واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل کو بھی کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے زریعے حل کیا جارہا ہے ۔ہماری کوشش ہے کہ عوام کو بلدیاتی سہولیات اُن کی دہلیز تک پہنچائیں ۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن

چیئرمین نیوکراچی ٹاؤن محمد یوسف وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ افسران کے بلائے گئے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔